طالبعلموں کے استعمال کے لیے NSWEduChat

والدین اور کیئررز کے لیے معلومات

NSWEduChat سے مراد مصنوعی ذہانت سے مواد بنانے والا ایک ٹول ہے جو NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (NSW Department of Education) کی ملکیت ہے اور انہی کا ڈیزائن کیا ہوا ہے۔ اسے اس طرح بنایا گیا ہے کہ یہ محفوظ، معلوماتی، سیکیور اور پرائیویٹ (رازدارانہ) ہے۔

طالبعلموں کے استعمال کے لیے NSWEduChat

ایئر 5 تا ایئر 12 کے طالبعلموں کو ٹرم 4، 2025 میں NSWEduChat تک رسائی مل جائے گی۔

NSWEduChat استعمال کرنے والے طالبعلموں کی حفاظت

NSWEduChat کا ڈیٹا محفوظ ہے۔ تمام ڈیٹا ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہی رہتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ طالبعلم اپنا کام اور اپنی شناخت کروانے والی تفصیلات بحفاظت NSWEduChat میں شامل کر سکتے ہیں۔

NSWEduChat کا تعلیمی ڈیزائن

NSWEduChat محض سوالات کے مکمل جواب نہیں دے دیتا۔ یہ طالبعلموں کے کچھ پوچھنے پر ایسے سوالات پوچھتا ہے جن کا جواب وضاحت سے دینا ضروری ہوتا ہے۔ اس سے طالبعلموں کو خود اپنے خیالات اور دلائل پر سوچنے اور دوسروں کو بتانے کی ترغیب ملتی ہے۔NSWEduChat صرف تحریر استعمال کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ میڈیا مثلاً تصویریں، وڈیو یا میوزک تخلیق نہیں کر سکتا۔

ہوم ورک اور اسیسمنٹس کی تیاری میں مدد کے لیے NSWEduChat کا استعمال

اگر سکول بتائیں کہ ہوم ورک یا اسیسمنٹس کے لیے NSWEduChat استعمال کیا جا سکتا ہے اور طالبعلموں نے ان کاموں کے لیے NSWEduChat کو استعمال کیا ہو تو انہیں اپنے اساتذہ کو بتانا چاہیے۔ اس میں سٹڈی نوٹس کا خلاصہ بنانے، اہم الفاظ کی تعریف جاننے یا تحریر کو سٹرکچر کرنے جیسے کاموں کے لیے NSWEduChat کا استعمال شامل ہے مگر یہ یہیں تک محدود نہیں۔ سکولوں کو واضح کرنا چاہیے کہ طالبعلموں کے لیے اساتذہ کو آگاہ کرنے کے معقول طریقے کیا ہوں گے۔

گھر میں NSWEduChat کا استعمال

طالبعلم گھر میں NSWEduChat اس طرح استعمال کر سکتے ہیں:

- سٹوڈنٹ پورٹل سے: https://portal.education.nsw.gov.au/
- یا یہاں براہ راست: chat.education.nsw.gov.au

طالبعلموں کو اپنا NSW Department of Education کا لاگ اِن استعمال کرنا ہو گا۔ صرف اس طالبعلم کو NSWEduChat استعمال کرنا چاہیے جس نے لاگ اِن کیا ہو۔

اگر آپ اس ٹول کے کسی پہلو کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی پرنسپل سے رابطہ کریں۔

معلومات اور NSWEduChat parental privacy notice (NSWEduChat کے متعلق والدین کے لیے پرائیویسی نوٹس) یہاں دیکھیں: Student use of NSWEduChat

ٹیلیفون انٹرپریٹنگ سروس (TIS): 131 450

اگر آپ کو انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی TIS کو فون کریں اور انہیں اپنی مطلوبہ زبان اور وہ نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں۔آپریٹر بات چیت میں آپکی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر کو کال میں شامل کر لے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔